WarnerMedia

# وارنر میڈیا WarnerMedia

# ملازم کی پرائیویسی پالیسی ("پالیسی")

---

**مؤثر - اپریل 2022**

**تعارف**

Warner Media, LLC. اور اس کی الحاق یافتہ کمپنیوں کا وسیع تر گروپ ("**WarnerMedia**"، "**ہم**"، "**ہمارا**" یا "**ہمیں**") ڈیٹا کے مناسب تحفظ کے طرز عمل کے لیے پرعزم ہے، بشمول جب ہمارے ملازمین (خواہ مستقل یا مقررہ مدتی)، انٹرنز اور اپرنٹسز ("**عملہ**") کے بارے میں معلومات پر کارروائی کی جاتی ہے۔ آپ WarnerMedia سے الحاق یافتہ کمپنیوں کے بارے میں مزید ہماری کنٹرولر اور ملحقہ سائٹ (https://www.warnermediaprivacy.com/policycenter/b2c/affiliateslist/) ملاحظہ کر کے جان سکتے ہیں۔

یہ پالیسی WarnerMedia کی اپنے عملے کے متعلق رکھی جانے والی معلومات کے استعمال کے حوالے سے WarnerMedia کے طرزعمل کے متعلق عملے کو نوٹس فراہم کرتی ہے۔

**1. تعریفیں**

کنٹرولرز WarnerMedia کے ادارے ہیں جو اُس مقصد اور طریقے کا فیصلہ کرتے ہیں جِس میں ذاتی معلومات کی کسی بھی کارروائی کو بروئے کار لایا جائے گا (کنٹرولرز کی فہرست ہماری کنٹرولر اور ملحقہ سائٹ (https://www.warnermediaprivacy.com/policycenter/b2c/affiliateslist/) ملاحظہ کر کے دیکھی جا سکتی ہے۔ WarnerMedia کا ادارہ جو آپ کو مُلازمت دیتا ہے، وہ ہمیشہ آپ کی ذاتی معلومات کا کنٹرولر ہوتا ہے۔ کارروائی کی مخصوص سرگرمی کی بنیاد پر (جیسا کہ ذیل میں وضاحت کی گئی ہے)، ان مخصوص ذاتی معلومات کے حوالے سے ایک سے زیادہ کنٹرولر ہو سکتا ہے (مثال کے طور پر، جب آپ کی ذاتی معلومات کا کاروبار کی منصوبہ بندی کے مقاصد کے لیے اصل کمپنی سے اشتراک کیا جاتا ہے، یہ اصل کمپنی اس کارروائی کے حوالے سے کنٹرولر بھی ہو سکتی ہے)۔ اگر آپ کے اس بارے میں کوئی سوالات ہوں کہ آپ کی ذاتی معلومات کا کنٹرولر کون ہے، تو براہ کرم ذیل میں سیکشن 7 میں دیے گئے طریقے استعمال کر کے ہم سے رابطہ کریں۔

**ذاتی معلومات** سے مراد ہماری جانب سے کارروائی کردہ کوئی بھی اعدادوشُمار یا معلومات ہیں جو کسی فرد کو بالواسطہ یا بلاواسطہ شناخت کریں، اس سے متعلق ہوں، اس کی وضاحت کریں یا اس سے وابستہ ہونے کی صلاحیت رکھیں، یا اس سے معقول طور پر مُنسلک ہو سکیں۔

**کارروائی کرنا، عمل، کارروائی کردہ** سے مراد کوئی بھی ایسا فعل ہے جو WarnerMedia کی جانب سے ذاتی معلومات پر انجام دیا جاتا ہے، جیسا کہ ذاتی معلومات کی جمع آوری، مُلاحظہ کرنا، رسائی حاصل کرنا، ریکارڈ کرنا، اِنتظام کرنا، تجزیہ کرنا، ذخیرہ کرنا، ترمیم کرنا، استعمال کرنا، افشاء یا حذف کرنا، اور/یا جیسا کہ بصورت دیگر کسی قابل اطلاق قانون کے تحت وضاحت کی جائے۔

**حساس ذاتی معلومات** سے مراد ذاتی معلومات ہیں جنہیں قانون کے تحت تحفظ کی اعلیٰ سطح درکار ہوتی ہے۔ خاص طور پر، اس پالیسی کے تحت اس میں تمام معلومات شامل ہیں جن کی ڈیٹا کے تحفظ کے عمومی ضوابط جنرل ڈیٹا پروٹیکشن ریگیولیشن (GDPR)، اور دیگر قابل اطلاق ڈیٹا کے تحفظ کے قوانین، اور/یا ضوابط کے تحت ذاتی ڈیٹا کے خاص زمرے کے طور پر نشاندہی کی جاتی ہے۔ حساس ذاتی معلومات میں نسلی یا آبائی نسب، سیاسی آراء، مذہبی یا فلسفیانہ عقائد، ٹریڈ یونین کی رکنیت، عمومی ڈیٹا اور بائیو میٹرک ڈیٹا ظاہر کرنے والی ذاتی معلومات شامل ہو سکتی ہیں جنہیں کسی فرد کی منفرد شناخت، صحت، جنسی زندگی یا جنسی میلان سے متعلق ڈیٹا کی منفرد شناخت کے لیے زیرعمل لایا جا سکتا ہے، نیز مجرمانہ سزاؤں اور جرائم یا متعلقہ سکیورٹی اقدامات سے متعلق ذاتی معلومات، اور بعض دائرہ اختیار میں جہاں قابل اطلاق قانون کے تحت ضرورت ہو، پاس ورڈز اور مالیاتی معلومات (جیسا کہ بینک اکاؤنٹ، یا کریڈٹ یا ڈیبٹ کارڈ، یا ادائیگی کے دیگر ذرائع کی تفصیلات)۔

## 2. ذاتی معلومات پر کارروائی کے مقاصد اور قانونی جواز

قانون کے تحت مجاز حد تک اور جہاں ضروری ہو، ہم عملے کی ذاتی معلومات پر درج ذیل مقاصد کے لیے کارروائی کرتے ہیں:

(i) آپ کے ساتھ کسی بھی معاہدے کو قائم کرنے اور انجام دینے کے لیے، کسی بھی معاہدے کے تعلق کو برقرار رکھنے، اس کا نظم کرنے یا اس کے خاتمے کے لیے اور آپ کو اپنی ملازمت کے مقاصد کے لیے کوئی بھی خدمات انجام دینے کے قابل بنانے یا بصورت دیگر، یا ضروری طور پر، جیسا آپ کی ہم سے درخواست کردہ خدمات یا فوائد کے سلسلے میں ضروری ہو:

- پے رول اور فوائد کا انتظام، اور غیر حاضری، زرتلافی اور اخراجات کا انتظام؛
- اپنے اہلکاروں کا انتظام کرنا، مثال کے طور پر، شمولیت اور اخراج کا انتظام اور کارکردگی؛
- آپ کو طبی انشورنس، پنشن کی اسکیموں اور WarnerMedia اور دیگر فراہم کنندگان کے پیش کردہ دیگر فوائد تک رسائی کی اجازت دینا، بشمول ملازمین کے تبادلوں، سفر اور/یا نقل مکانی (بشمول امیگریشن میں مدد) کا اِنتظام۔ بعض فوائد آپ سے خاندان کے اراکین، پارٹنرز یا قریبی رشتہ داروں سے متعلق ذاتی معلومات فراہم کرنے کا تقاضا کرسکتے ہیں، اور ایسی صورت میں آپ کو ہمیں ذاتی معلومات فراہم کرنے سے پہلے انہیں مطلع کرنا ہو گا اور اگر قابل اطلاق قانون کے مطابق ضروری ہو تو ان کی رضامندی حاصل کرنی ہو گی؛
- اگر قابل اطلاق ہو تو حقوق کا انتظام اور کریڈٹس کی تعیناتی؛ اور
- پیشہ وارانہ سفر (بشمول ہوٹل میں قیام) اور متعلقہ انشورنس کا انتظام۔

(ii) کسی قانونی ذمہ داری کی تعمیل بشمول برائے:

- ٹیکس اور سوشل سیکیورٹی کے مقاصد کے لیے پے رول سے کٹوتی کرنا اور ٹیکس اور سوشل سیکیورٹی کے حکام کو معلومات فراہم کرنا، جیسے قانون کے تحت درکار ہو؛
- قانونی طور پر بیماری کی رخصت اور زچگی/ولدیت/والدین کی تنخواہ کا اِنتظام کرنا؛
- ملازمین سے تعلقات کی مشغولیت کی ضروری سرگرمیوں میں شمولیت؛
- کام کے حق کے حوالے سے ضروری جانچ پڑتال کرنا؛ اور
- پیشہ وارانہ صحت اور سلامتی، اور ضروری طبی معائنے انجام دینا یا حاصل کرنا۔

(iii) اپنے جائز مفادات کے لیے، جیسا کہ ذیل میں درج ہے (جہاں آپ کے ڈیٹا کے تحفظ کے حقوق ہمارے مفادات سے تجاوز نہیں کرتے)، یا جہاں آپ نے اپنی رضامندی دی ہو، جیسا کہ بعض دائرہ اختیار میں قابل اطلاق قانون کے تحت ضروری ہے:

- اپنے اہلکاروں کی بہتری – مثال کے طور پر، تربیت اور لیڈرشپ کی تشکیل، تسلسل کا انتظام، انعام واکرام کا اعتراف و اقرار، سماجی کارپوریٹ ذمہ داری کی سرگرمیاں، ملازم کے سروے اور ملازمین سے رابطہ کاری؛
- اپنے کاروبار کی منصوبہ بندی، بشمول جانشینی کی منصوبہ بندی، تنظیم نو اور تشکیل نو، دفتر کے مقام کی منصوبہ بندی، کاروبار اور ہیومن ریسورسز (HR) کی رپورٹنگ اور ہماری افرادی قوت کا شماریاتی تجزیہ، ترویجی منصوبہ بندی، انعامات کے لیے درخواستیں اور دیگر پیشہ ورانہ تعریف و توصیف کی پشکش کرنا، صنعتی اقدامات میں تعاون یا حصہ لینا، تفریحی صنعت کی مراعات کی درخواست دینا (اگر قابل اطلاق ہو)، پیشہ ورانہ یا ترویجی تقریبات میں شرکت اور ان کا اہتمام کرنا، تباہ کن صورتحال سے بحالی، بیک اپ اور روزمرہ کے کاروبار کے تسلسل سے متعلق کوئی بھی سرگرمیاں، اور کسی بھی کاروباری کارروائی کو ریکارڈ/محفوظ کرنا اور کسی بھی دستاویز بشمول معاہدے، ای میلز، پروڈکشنز یا مارکیٹنگ کی تخلیقات؛
- ہماری پروڈکشنز، گیمز اور/یا دیگر صوتی و بصری مواد کی تیاری، کمیشننگ، پروڈیوسنگ، پبلشنگ، ڈسٹری بیوشن، پروموشن اور کمرشلائزنگ اگر قابل اطلاق ہو؛
- ہماری پروڈکشنز، گیمز اور/یا دیگر صوتی و بصری مواد کو محفوظ کرنا، اگر قابل اطلاق ہو؛

- اپنے جائز کاروباری مفادات اور قانونی حقوق کا تحفظ۔ اس میں بلاتحدید شامل ہیں، قانونی دعووں، تعمیل، انضباطی، آڈٹنگ، تفتیشی اور تادیبی مقاصد (بشمول قانونی عمل یا قانونی چارہ جوئی کے سلسلے میں ایسی معلومات افشاء کرنا، یا جہاں قانون نافذ کرنے والے اداروں یا دیگر متعلقہ فریقین ثالث کی جانب سے درخواست کی جائے) کے لیے استعمال، اور اخلاقیات اور تعمیل کی پالیسیوں، جیسا کہ کاروباری طرزعمل کے معیارات اور رپورٹنگ کے متعلقہ وسائل کے حوالے سے کارروائی؛

- ہماری پالیسیوں کے مطابق ہمارے سامان، سہولیات، املاک دانش اور الیکٹرانک پلیٹ فارمز کی کارکردگی اور سیکیورٹی کا انتظام کرنا۔ اس میں رسائی کے حقوق کا نظم و نسق، عمارت اور علاقے تک رسائی کا انتظام اور کنٹرول، بشمول رسائی کے لاگز، معلومات کی سکیورٹی اور WarnerMedia کی دیگر پالیسوں کی تعمیل کی نگرانی، CCTV اور دیگر ریکارڈنگ سافٹ ویئر اور سسٹمز کو چلانا، اور جہاں مقامی قانون کے تحت اجازت ہو اور متعلقہ پالیسیوں کے مطابق، تحقیقات اور تادیبی کارروائیوں کے لیے ذاتی معلومات کا استعمال؛

- ہمارے عملے، غیر ملازمین اور مہمانوں کی سلامتی اور تحفظ کو یقینی بنانا؛

- ای میل، ٹیلی فون اور انٹرنیٹ تک رسائی جیسی رابطہ کاری کی خدمات فراہم کرنا؛

- رابطہ کاری اور مشغولیت کی سرگرمیاں انجام دینا، اور عملے کو اندرونی مواصلات بھیجنا (بشمول بحران کے دوران ملازمین کے ساتھ بات چیت اور انہیں متنبہ کرنا)، عملے کے لیے رعایت، وفاداری یا وابستگی کے پروگرام، اور ترقی، مقابلوں اور کمپنی کی مصنوعات تک رسائی، تقریبات میں شرکت کا انتظام کرنا اور ہنگامی رابطے کی معلومات کا انتظام؛

- اندرونی ڈائریکٹریز، چارٹس شائع کرنا، اور دیگر اندرونی رابطہ کاری کے وسائل فراہم کرنا۔ اس میں کمپنی کی کسی اندرونی پروفائل (بشمول تصویر، اگر قابل اطلاق ہو اور قابل اطلاق قانون کے تحت مجاز ہو) کے لیے آپ کی فراہم کردہ معلومات شامل ہیں؛

- جیسے قابل اطلاق ہو، قابل اطلاق قوانین کے مطابق افرادی قوت کے تنوع کا تجزیہ اور نگرانی۔ مثال کے طور پر، اس میں ملازمت کے مساوی مواقع کے قانون کی تعمیل شامل ہے؛

- انشورنس کا حصول اور دعووں پر کارروائی؛

- ملازمین کے سروے انجام دینا اور اس مقصد کے لیے فریقین ثالث کو شامل کرنا؛ اور

- آپ کی مصروفِ عمل بھرتی یا شمولیت کی سرگرمیوں کے سلسلے میں آپ کی ذاتی معلومات کا انتظام، بشمول CV کے جائزے، انٹرویو، مفادات کا ٹکراؤ (جہاں قانون کے تحت اجازت ہو)، متعلقہ جانچ اور پس منظر کی جانچ اور اگر قابل اطلاق ہو، تو ویزا/کام کی اجازت کے لیے درخواست دینا۔

(iv) جہاں آپ نے اپنی رضامندی دی ہو، جیسا کہ:

- فریقین ثالث کو حوالہ جات فراہم کرنا جہاں آپ نے درخواست کی ہو؛

- جہاں آپ کی رضامندی قانون کے تحت درکار ہو، مخصوص جانچ اور پس منظر کی جانچ پڑتال کرنا؛ اور

- کارروائی کرنا، جیسے کسی دیگر رضامندی میں بیان ہو جو ہمیں آپ سے درکار ہوتی ہے۔

جہاں ان مقاصد میں سے کسی میں حساس ذاتی معلومات پر کارروائی شامل ہو، یہ صرف اُس صُورت میں کیا جائے گا جب قابل اطلاق قانون کے تحت اجازت دی گئی ہو، مثال کے طور، کیونکہ آپ نے واضح اور آزادانہ طور رضامندی دی ہے (جو تحریری طور پر ہو سکتی ہے)، کیونکہ آپ نے واضح طور پر اپنی ذاتی معلومات کو افشاء کیا ہے، کیونکہ ہمیں قابل اطلاق ملازمت یا سوشل سکیورٹی کے قوانین کے تحت کارروائی انجام دینے کی ضرورت ہے، یا اس وجہ سے کہ اس کارروائی میں عوام کا نمایاں مفاد ہے۔

جب اس کارروائی میں نگرانی کی سرگرمیاں شامل ہوں، تو ایسی کوئی بھی نگرانی، مداخلت یا تفتیشی سرگرمیاں قابل اطلاق قوانین (جہاں قابل اطلاق قوانین نگرانی کی ایسی سرگرمیوں کی اجازت دیتے ہیں) کی تعمیل یقینی بنانے کے لیے نظم کے انتظامات کے مطابق انجام دی جائیں گی۔ جہاں اجازت ہو، ان میں سے چند خفیہ یا خاص طور پر مخصوص عملے سے متعلقہ ہو سکتی ہیں۔ ایسا صرف غیر معمولی صورتحال میں ہو گا اور جہاں کسی فرد کے طرزعمل کے متعلق خدشہ یا کسی مجرمانہ سرگرمی کا شبہ ہو۔ جمع کردہ

کسی بھی ذاتی معلومات کو حقائق ثابت کرنے اور کسی ممکنہ/متعلقہ قانونی، مجرمانہ یا تادیبی کارروائی/عمل میں بطور ثبوت استعمال کیا جا سکتا ہے۔ نگرانی کو کاروبار کے تسلسل کے مقاصد کے لیے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے، بشمول جہاں عملہ غیر حاضر ہو یا جائے کار سے جا چکا ہو۔

### 3. جمع کردہ ذاتی معلومات کی نوعیت اور ذرائع

عملے سے ذاتی معلومات عموماً ہم براہ راست اکٹھی کریں گے اور آپ کی جانب سے درخواست کردہ یا بصورت دیگر اپنی ملازمت کے جزو کے طور پر فراہم کردہ ذاتی معلومات جمع کریں گے، بشمول رابطے کی تفصیلات، جیسے پتہ، ٹیلی فون نمبر اور ای میل پتہ، اور مالی معلومات، جیسے کہ بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات۔ آپ کی ملازمت کے جزو کے طور پر بھی ہم ذاتی معلومات تخلیق کر سکتے ہیں، جیسا کہ آپ کی کارکردگی کے ریکارڈز، مہارتیں اور تجربہ، تنخواہ کی معلومات اور غیر حاضری کے ریکارڈز۔ تاہم، قانون کے تحت مجاز حد تک اور جہاں کارروائی کے مقاصد کو حاصل کرنے کے لیے ضروری ہو، WarnerMedia دیگر ذرائع سے ذاتی معلومات اکٹھا کر سکتا ہے (جہاں قابل اطلاق قوانین کے تحت اجازت ہو)، بشمول لیکن بلاتحدید:

- حکومتی تنظیمیں، صحت فراہم کنندگان اور فوائد فراہم کنندگان، مثال کے طور پر یہ معلوم کرنے میں مدد کے لیے درکار معلومات کہ ٹیکس کے قوانین کی تعمیل یقینی بنانے کے لیے کون سے فوائد طلب کیے گئے ہیں یا مطلوب ہیں؛
- کاروباری پارٹنرز اور خدمت فراہم کنندگان، جیسا کہ تربیت اور کوئی دیگر متعلقہ سرگرمیاں فراہم کرنے والی کمپنیاں، پس منظر کی جانچ فراہم کرنے والی کمپنیاں، فون کی کمپنیاں اور ٹیکسی کمپنیاں۔ اس میں آپ کی تربیت، کسی پس منظر میں شامل تفصیلات یا جانچ کی تصدیق اور آپ کی جانب سے ہمارے سروس فراہم کنندگان کی تفصیلات شامل ہوسکتی ہیں؛
- عملے کے سپروائزر اور رفقائے کار یا نامزد حوالہ کُنندگان؛ اور
- عوامی طور پر دستیاب معلومات جو انٹرنیٹ، اخبارات وغیرہ میں شائع کی جا سکتی ہیں، جہاں تحقیقات یا جانچ پڑتال کے سلسلے میں استعمال کی جائیں، یا جو بصورت دیگر ہماری توجہ میں لائی جائیں۔

### 4. اعدادوشُمار قائم رکھنے کا عمل

WarnerMedia ذاتی معلومات صرف اس وقت تک برقرار رکھتا ہے جب تک ان مقاصد کے لیے ضروری ہو جن کے لیے ذاتی معلومات پر کارروائی کی جاتی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ برقرار رکھنے کی مدت ذاتی معلومات کی نوعیت اور ہمارے پاس یہ ذاتی معلومات موجود ہونے کی وجہ کے مطابق مختلف ہو گی۔

عام طور پر، ہم آپ کی ذاتی معلومات کو ہمارے ساتھ ملازمت کے دوران (ماسوائے جب قابل اطلاق قانون صرف مختصر عرصے کے لیے برقرار رکھنے کی اجازت دیتا ہو) اور آپ کی ملازمت کے خاتمے کے بعد خاص عرصے تک برقرار رکھتے ہیں۔ ہمارے پاس برقرار رکھنے کی ایک جامع اندرونی پالیسی ہے جو ہماری قانونی ذمہ داریوں اور ذاتی معلومات کو برقرار رکھنے کی کاروباری ضرورت کی بنیاد پر ذاتی معلومات کے مختلف زمروں کے لیے برقرار رکھنے کی مختلف مدتوں کا تعین کرتی ہے۔ برقرار رکھنے کی مدت ختم ہونے کے بعد، ذاتی معلومات کو محفوظ طریقے سے حذف کر دیا جاتا ہے، بشرطیکہ، جہاں قابل اطلاق قانون کے تحت مجاز ہو، یہ قانونی دعوے تشکیل دینے، دائر کرنے یا ان کے دفاع کے لیے ضروری ہو۔ قابل اطلاق برقرار رکھنے کی مدتوں کے متعلق مزید معلومات کے لیے، آپ کو ذیل میں دیے گئے رابطے کے طریقے استعمال کر کے اپنے کنٹرولر سے رابطہ کرنا چاہیے۔

### 5. ذاتی معلومات کی منتقلی، اشتراک اور اکتشاف

WarnerMedia عملے کی ذاتی معلومات کا فریقین ثالث کے ساتھ یا WarnerMedia گروپ کی کمپنیوں کے مابین اشتراک کر سکتا ہے، جو دنیا بھر میں اور خاص طور پر امریکہ میں واقع ہیں جہاں WarnerMedia, LLC قائم ہے۔ آپ WarnerMedia کی کمپنیوں کے بارے میں مزید ہماری کنٹرولر اور ملحقہ سائٹ

(https://www.warnermediaprivacy.com/policycenter/b2c/affiliateslist/) ملاحظہ کر کے جان سکتے ہیں۔ جب بھی ہم ذاتی معلومات برطانیہ، سوئٹزرلینڈ، یورپین اکنامک ایریا (EEA)، مین لینڈ چین یا کسی ایسے ملک سے باہر منتقل کرتے ہیں جو ڈیٹا کی منتقلی پر پابندی لگاتا ہے، تو ہم ڈیٹا کی منتقلی کے موزوں طریقے، جیسا کہ متعلقہ دائرہ اختیار کے زیر استعمال مناسبت کے فیصلے استعمال کر کے مناسب تحفظ کو یقینی بناتے ہیں، جیسے یورپی یونین (EU) کمیشن منظور شدہ معیاری معاہدہ جاتی شقیں، بین الاقوامی ڈیٹا کی منتقلی کی اسناد، یا ضابطہ اخلاق، یا پابند کارپوریٹ ضوابط استعمال کرتا ہے۔

عملہ ہماری جانب سے برطانیہ، سوئٹزرلینڈ، یورپین اکنامک ایریا (EEA) یا منتقلی کے طریقے کا تقاضا کرنے والے دیگر دائرہ اختیار سے باہر ذاتی معلومات منتقل کرنے کے لیے ہمارے انحصار کردہ منتقلی کے طریقے کے بارے میں مزید معلومات ہم سے WMPrivacy@warnermedia.comپر رابطہ کر کے حاصل کر سکتا ہے۔

- WarnerMedia فیملی کی کمپنیوں کے مابین ڈیٹا کا اشتراک

WarnerMedia کے تمام ادارے WarnerMedia گروپ کی بین الاقوامی طور پر کام کرنے والی کمپنیوں کا حصہ ہیں۔ WarnerMedia گروپ کے تمام ارکان اپنے کاروبار چلانے اور پورے گروپ کی حکمت عملی سیٹ کرنے کے لیے ایک دوسرے کے ساتھ تعاون اور رابطہ کرتے ہیں۔ بعض ذاتی معلومات تک WarnerMedia گروپ کی کسی بھی کمپنی کی جانب سے عالمی بنیادوں پر رسائی حاصل کی جا سکتی ہے (جیسا کہ کارپوریٹ ڈائریکٹری کی معلومات)، جہاں ایسے کرنے کا قانونی جواز موجود ہو۔ دیگر ذاتی معلومات پر آپ کے لائن مینیجرز، آپ کی مقامی ہیومن ریسورسز (HR) ٹیم کے ملازمین، اور قانون، تعمیل، مالیاتی اور دیگر ہیومن ریسورسز متعلقہ خدماتی ٹیمز کی جانب سے کارروائی کی جائے گی، جب متعلقہ، ضروری اور قانونی طور پر اجازت شدہ ہو۔ ان میں سے بعض ملازمین اور IT سسٹمز آپ کے ملک سے باہر واقع ہو سکتے ہیں، بشمول امریکہ میں۔ تمام رسائی ڈیٹا کے سکیورٹی اقدامات اور WarnerMedia کی قابل اطلاق پالیسیوں کے تحت قائم کردہ اندرونی کنٹرولز سے مشروط ہے اور اس تک محدود ہے جو متعلقہ جائز مقاصد کے لیے متعلقہ اور متناسب ہے۔

بعض ذاتی معلومات کا WarnerMedia گروپ کی کمپنیوں میں گروپ رپورٹنگ، قانونی، نظم اور انضباطی مقاصد کے لیے اشتراک کیا جاتا ہے، بشمول نام، ملازم اور ID نمبر، تاریخ پیدائش، صنف، عہدے کی معلومات اور تنخواہ کی معلومات۔ آپ WarnerMedia کی کمپنیوں کے بارے میں مزید ہماری کنٹرولر اور ملحقہ سائٹ (https://www.warnermediaprivacy.com/policycenter/b2c/affiliateslist/) ملاحظہ کر کے جان سکتے ہیں۔

- کنٹرول یا اِختیار کی تبدیلی

اس صورت میں کہ ہم کسی کاروباری تبدیلی کے عمل سے گزرتے ہیں، جیسا کہ انضمام، حصول، دیوالیہ پن، تنظیم نو، یا ہمارے تمام یا اثاثوں کے چند حصوں کی فروخت، یا کسی اہم کاروباری ٹرانزیکشن کے حوالے سے
سے تندہی کا عمل، ہماری جمع اور برقرار کردہ معلومات افشاء، فروخت، یا اس ٹرانزیکشن کے جزو کے طور پر منتقل کی جا سکتی ہیں۔ اگر ایسی تبدیلی قابل اطلاق قوانین کے تحت اضافی پابندیوں سے مشروط ہو، تو ہم ان پابندیوں کی تعمیل کریں گے۔

- فریقین ثالث کے ساتھ ڈیٹا کا اشتراک

WarnerMedia کو اپنے کاروبار کا ہر پہلو چلانے کے لیے فریقین ثالث کے ساتھ مشغول ہونے کی ضرورت ہوتی ہے۔ جہاں مذکورہ بالا سیکشن 2 میں مقررہ کارروائی کی سرگرمیاں انجام دینے کے لیے ضروری ہو، WarnerMedia درج ذیل کے ساتھ ذاتی معلومات کا اشتراک کرتا ہے:

(i) فریق ثالث سروس فراہم کنندگان جو اپنی کاروباری سرگرمیاں انجام دینے میں WarnerMedia کی مدد کرتے ہیں، مثال کے طور پر، IT فراہم کنندگان (وسائل اور مدد)، تربیت فراہم کنندگان، سیکیورٹی کمپنیاں، فوائد فراہم کنندگان، پے رول اور دیگر ہیومن ریسورسز (HR) متعلقہ سروس فراہم کنندگان، سفری/تقریباتی/کمیونیکیشن کمپنیاں، ہوٹل اور ٹرانسپورٹ کمپنیاں وغیرہ، نیز کوئی مشیر (مثلاً وکلاء، اکاؤنٹنٹس، آڈیٹرز وغیرہ) اور انشورنس کمپنیاں؛

(ii) **کاروباری پارٹنرز** جیسا کہ تقریبات کے پارٹنرز، شریک پروڈیوسرز، براڈ کاسٹرز، لائسنیز اور ڈسٹری بیوٹرز اور ایوارڈز کے منتظمین؛ اور

(iii) دیگر متعلقہ فریقین ثالث جیسا کہ صحافی، پیشہ وارانہ تنظیمیں، صنعتی ادارے، سرکاری/حکومتی ایجنسیاں یا ادارے، قانون نافذ کرنے والے ادارے، ہنگامی رابطے اور خدمات یا WarnerMedia کے ممکنہ خریدار یا اس کے کاروبار کے حصے اور ان ممکنہ خریداروں کے مشیر۔

### 6. عملے کے حقوق اور ضروری کارروائی

جیسا کہ قابل اطلاق قانون کے تحت فراہم کردہ ہے، عملے کو اپنی ذاتی معلومات تک رسائی حاصل کرنے کی اجازت ہو سکتی ہے؛ اپنی ذاتی معلومات کو **درست (یا اپ ڈیٹ)** کرنے، **حذف** یا (کسی فعال) کارروائی کو **محدود** کرنے؛ اور ان کی جانب سے ہمیں انتظام کرنے، عام استعمال ہونے والے مشین کے پڑھنے لائق فارمیٹ میں فراہم کردہ ذاتی معلومات حاصل کرنے، اور ان معلومات کا کسی اور کنٹرولر کے ساتھ اشتراک **(ممکنہ)** کرنے کے لیے ہم سے پوچھنے کے لیے۔

نیز، بعض صورتوں میں (خاص طور پر، جب ہمیں کسی معاہدے یا دیگر قانونی تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے ذاتی معلومات پر کارروائی نہ کرنی پڑے) عملے کو اپنی ذاتی معلومات پر **کارروائی پر اعتراض** کرنے کا حق حاصل ہو سکتا ہے۔ جہاں WarnerMedia نے آپ کی رضامندی کا پوچھا ہو، تو آپ کو کسی بھی وقت ذیل میں دیے گئے رابطے کے طریقے استعمال کر کے اپنے کنٹرولر سے رابطہ کر کے **اپنی رضامندی واپس لینے** کا حق حاصل ہے۔

جیسا کہ قابل اطلاق قانون کے تحت بتایا گیا ہے، عملے کو **مخصوص خودکار فیصلوں سے مشروط نہ ہونے کا حق** بھی حاصل ہو سکتا ہے۔

مذکورہ بالا طے کردہ حقوق ہمیشہ لاگو نہیں ہوتے یا GDPR یا قابل اطلاق قانون کے تحت محدود ہو سکتے ہیں۔ مخصوص حالات میں، WarnerMedia ان وجوہات کی بناء پر شاید کسی درخواست پر کارروائی نہ کرے۔ WarnerMedia آپ کو ان متعلقہ استثنیٰ کے بارے میں بتائے گا جن پر ہم آپ کی درخواست کا جواب دینے کے لیے انحصار کرتے ہیں۔

اگر آپ WarnerMedia کے آپ کی درخواست کا جواب دینے کے طریقے سے مطمئین نہیں ہیں یا یہ کہ ہم آپ کی ذاتی معلومات پر کیسے کارروائی کرتے ہیں، تو آپ جہاں رہتے ہیں، کام کرتے ہیں، یا جہاں آپ کو لگتا ہے کہ کوئی خلاف ورزی ہوئی ہے، تو آپ ڈیٹا کے تحفظ کے ادارے کو شکایت جمع کروانے اور عدالت کے سامنے کوئی عمل لانے کا حق رکھتے ہیں۔

ہم آپ کو بتائیں گے کہ ذاتی معلومات کی جمع آوری کہاں لازمی ہے – اس میں ذاتی معلومات شامل ہوں گی جو آپ کے ساتھ ہمارا معاہدہ انجام دینے کے لیے ضروری ہیں، نیز آپ کا کام کرنے کا حق چیک کرنے اور آپ کی کارکردگی کا نظم کرنے کے لیے درکار معلومات۔ جیسا کہ قابل اطلاق قانون کے تحت اجازت ہے، معلومات فراہم کرنے میں ناکامی آپ کے ہمارے ساتھ معاہدے کی خلاف ورزی ہو سکتی ہے اور اس کے تادیبی نتائج نکل سکتے ہیں۔ عملے سے ذاتی معلومات میں کسی تبدیلی کے متعلق بتانے کا بھی تقاضا کیا جاتا ہے، جو لازمی ہے (خاص طور پر آپ کا بینک اکاؤنٹ نمبر اور آپ کی رابطہ تفصیلات میں کوئی تبدیلی)۔ جہاں ذاتی معلومات اختیاری طور پر فراہم کردہ ہوں، مثال کے طور پر کسی ہنگامی رابطے کی تفصیلات، اگر آپ یہ معلومات فراہم کرنے سے انکار کرتے ہیں تو اس کے کچھ منفی نتائج ہو سکتے ہیں۔

### 7. اپنے کنٹرولر سے رابطہ کرنا

مذکورہ بالا سیکشن 6 میں درج کردہ کسی بھی حق کو استعمال کرنے، یا اس حوالے سے اگر آپ کو کوئی سوال درپیش ہو کہ WarnerMedia آپ کی ذاتی معلومات پر کیسے کارروائی کرتا ہے (یا اس پالیسی کے متعلق کسی سوال کے لیے)، یا اپنے کنٹرولر یا اپنے کنٹرولر کے DPO سے رابطہ کرنے کے لیے، براہ کرم WMPrivacy@warnermedia.com پر ای میل کریں۔ آپ اپنے سوالات یا تحفظات کے لیے اپنی مقامی ہیومن ریسورسز HR ٹیم سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں، لیکن مذکورہ بالا ای میل پتے کے استعمال آپ کے سوال کو ہماری رازداری ٹیم تک بہتر طور پر پہنچائے گا۔

ڈیٹا پروٹیکشن آفیسر The Data Protection Officer:

سوزین روہول Susan Rohol
Warner Blvd 4000.
Burbank, CA 91522, USA

## 8. پالیسی میں تبدیلیاں

WarnerMedia اس پالیسی میں کسی بھی وقت ترمیم کرنے کا حق رکھتا ہے۔ قانون کے تحت درکار حد تک، اس پالیسی میں تبدیلیاں عملے کو بتائی جائیں گی اور جہاں قابل اطلاق ہو، اضافی رضامندی کی درخواست کی جائے گی۔